سوال

(31) شب ستائیسویں رمضان المبارک میں روشنی کرتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شب ستائیسویں رمضان المبارک میں روشنی کثرت سے کرتے ہیں ، چراغاں بہت روشن کرتے ہیں، پس اس شب میں روشنی کرنے کا کیا حکم شرع شریف میں ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روشنی کثرت سے کرنا مسجد میں یا غیر مسجد میں خواہ شب ستائیسویں رمضان المبارک ہو، خواہ کوئی اور شب ہو، ناجائز ہے، کیونکہ اسراف میں داخل ہے اور تشبہ ساتھ قوم برامکہ کے ہے جیساکہ فقیہ طرطوسی نے نفع المسائل میں اور ملا علی قاری نے شرح مشکوۃ میں اور شیخ عبدالحق محدث نے ماثبت بالسنۃ میں لکھا ہے اور حموی نے شرح اشباہ و نظائر میں خوب وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے ، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۔

حررہ سید شریف حسین عفی عنہ (سید محمد نذیر حسین)

فتاوی نذیریہ

جلد 01